27مارچ2017ء

## خصوصی او وی آئی کے بغیر500روپے کے نوٹ کے حوالے سے اسٹیٹ بینک کی وضاحت

اووی آئی پرچم کے بغیر پانچ سوروپے والے نوٹ کے حوالے سے سوشل میڈیا کے بعض حلقوں میں خبریں گردش کررہی ہیں۔اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے پانچ سوروپے کا نئے ڈیزائن والا نوٹ 2006ء میں متعارف کرایا تھا۔پہلے سے مختلف سائز،ڈیزائن، اور رنگ کے حامل ان نوٹوں میں جدید ترین سیکورٹی خصوصیات موجودہیں۔بعد میں ایک اور سیکورٹی خصوصیت بھی شامل کردی گئی یعنی آپٹیکل ویری ایبل انک (اووی آئی )سے بناہوا، رنگ بدلنے والا پرچم بھی ان نوٹوں پر ثبت کیا گیا تاکہ جعل سازی کی روک تھام کو مزید موثر بنایا جاسکے اور عام لوگ اصل نوٹ کو بآسانی پہچان سکیں۔ تاہم اس کے نتیجے میں پانچ سوروپے کے دونوں طرح کے نوٹ دستیاب ہوگئے،یعنی2006ء سے 2009ءتک جاری کیے گئے بغیر اووی آئی والے نوٹ، اور 25 جنوری2010ء سے موئثر ہونے والے نوٹ جو اووی آئی خصوصیت رکھتے ہیں۔

چنانچہ تمام متعلقہ فریقوں کے مفاد میں یہ واضح کیا جاتا ہے کہ نئے ڈیزائن والے پانچ سوروپے کے نوٹ خواہ اُن پر اووی آئی پرچم ہو یا نہ ہو، اصلی ہیں بشرطیکہ ان کی بقیہ دیگر سیکورٹی خصوصیات درست ہوں۔عام لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ پاکستانی بینک نوٹوں کی سیکورٹی خصوصیات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ کے سیکشن ’روپے کو پہچانو‘ دیکھیں۔
(http://www.sbp.org.pk/finance/NotePehchano/index.asp).

اسٹیٹ بینک توقع کرتا ہے کہ اس وضاحت کے بعد سوشل میڈیا میں آنے والی ایسی خبروں کا سدِباب ہوگا اور غیر مصدقہ خبریں پھیلانے سے گریز کیا جائے گا۔

*****